# انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے شرائط و ضوابط

Bank Alfalah
Islamic

Bank Alfalah
Islamic

# انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے شرائط و ضوابط

alfa

مندرجہ ذیل شرائط و ضوابط ”صارف“ کی طرف سے انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے استعمال ، ہماری سروسز تک آن لائن رسائی کرنے پر لاگو ہوتے ہیں اور ہمارے تعلقات کو منظم کرنے کے لیے آپ کے اور ہمارے (”بینک الفلاح لمیٹڈ“) درمیان قانونی طور پر قابلِ قبول معاہدہ ہے (اگر صارف کارپوریٹ اینٹیٹی ہے تو یہی شرائط و ضوابط کارپوریٹ اینٹیٹی کے مجاز فرد/استعمال کنندہ پر قابلِ اطلاق ہونگی ) ۔

تعریفیں :

اس دستاویز میں ، مندرجہ ذیل الفاظ اور جملے ذیل میں دیئے گئے مطلب رکھتے ہیں علاوہ اس کے کہ عبارت میں کوئی دیگر مطلب ہو :

” اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) ، صارف کے بینک اکاؤنٹ کو ظاہر کرتا ہے ، یعنی روائتی، اسلامی ،بچت اکاؤنٹس،منظم ، غیر ملکی کرنسی ، بچت اور / یا کریڈ ٹ کارڈ ، ڈیبٹ کارڈ اور / یا گھر کے لیے قرضہ اکاؤنٹ اور / یا گاڑی کے لیے قرضہ اکاؤنٹ اور / یا ایلفا اکاؤنٹ (ڈیجیٹل اکاؤنٹ ) اور / یا ذاتی مقاصد کے لیے قرضہ اکاؤنٹ اور / یا آربٹس اکاؤنٹ اور / یا کوئی دیگر قسم کا اکاؤنٹ (جس میں انفرادی کو” اکاؤنٹ“ اور مجموعی کو”اکاؤنٹس“ کہا جائے گا، جو ”بینک“ میں موجود ہیں اور جو انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے استعمال کے ذریعے چلائے جانے کے لیے اہل اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) ہیں۔

”اکاؤنٹ کی معلومات“ سے مراد ، صارف کی طرف سے بینک کے ساتھ کھولے گئے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) کی معلومات ہیں ۔

”الحاق“ سے مراد بینک الفلاح کے بزنس پارٹنرز اور وینڈرز ہیں ۔

”الرٹس“ سے مراد اکاؤنٹ کی معلومات جو صارف کو بینک کی طرف سے بذریعہ صارف کے ای میل ایڈریس یا موبائل فون (ایس ایم ایس پر ) فراہم کی جاتی ہیں اور یہ صارف کی خاص درخواست پر بھیجی جاتی ہیں ، صارف یہ درخواست بینک کی انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ سروسز کے استعمال پر کرے گا۔

”بینک“ سے مراد بینک الفلاح لمیٹڈ ہے ۔

”صارف“ سے مراد استعمال کنندہ ہے جن میں بینک الفلاح کے اکاؤنٹ ہولڈ رز اور عام استعمال کنندگان شامل ہیں جو انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا یپ کے استعمال کے لیے بینک الفلاح کی طرف سے ترتیب دیئے گئے معیار پر پورا اترتے ہیں ۔ اگر صارف نا بالغ ہے تو اس نابالغ کے سرپرست کو انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے استعمال کی اجازت دی جائے گی ۔
اس دستاویز میں صارف سے متعلق تمام حوالہ جات مذکراور مؤنث دونوں جنس کے لیے تصور کیے جائیں گے ۔

”ڈیوائس“ سے مراد کمپیوٹر ، موبائل فون ، ڈیجیٹل ٹیبلٹس یا اسی طرح کی دیگر ڈیوائسز ہیں جو سروسز تک رسائی کے حصول کے لیے بینک کے سسٹم سے منسلک ہو تی ہیں ۔

” ایلفا ایپ“ سے مراد بینک کی طرف سے صارف کو پیش کردہ موبائل بینکنگ سروس ہے ۔

”انٹر نیٹ بینکنگ“ سے مراد انٹرنیٹ بینکنگ سروس ہے جو بینک کی طرف سے صارفین کو پیش کی جاتی ہے ۔

”انٹرنیٹ بینکنگ سروس“ انٹر نیٹ کے ذریعے آپ کے بینک الفلاح اکاؤنٹس تک رسائی کا تیز ترین اور سب سے زیادہ با سہولت طریقہ ہے ۔اس کے ذریعے صارفین اپنے اکاؤنٹ بیلنسز دیکھ سکتے ہیں ، رقم منتقلی ، بل کی آن لائن ادائیگی کرسکتے ہیں اور دیگر سروسز استعمال کر سکتے ہیں جو بینک وقتاً فوقتاً فراہم کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے ۔ مخصوص سروس کی دستیابی / عدم دستیابی بینک کی واحد صوابدید پر ہوگی ۔

”ایلفا ایپ سروس“ ایک ایسی سروس ہے جس کی بدولت آپ ایک موبائل ایپ کے ذریعے اپنی روزانہ کی بینکاری اور دیگر بہت کچھ تیز ترین اور انتہائی با سہولت طریقے سے سرانجام دے سکتے ہیں ۔ اس کے ذریعے صارفین اپنے اکاؤنٹ بیلنسز دیکھ سکتے ہیں ، رقم منتقلی ، بل کی آن لائن ادائیگی کرسکتے ہیں اور دیگر سروسز استعمال کر سکتے ہیں جو بینک وقتاً فوقتاً فراہم کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے ۔ کسی مخصوص سروس کی دستیابی / عدم دستیابی بینک کی واحد صوابدید پر ہوگی ۔

”او ٹی اے سی“(One Time Authentication Code) ، جو کہ صارف کی ٹرانزیکشن کی سیکیورٹی کی تصدیق کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

”ذاتی معلومات“ سے مراد صارف کی طرف سے بینک کو فراہم کی گئی معلومات ہیں ۔

”ادائیگی کی ہدایات“ سے مراد صارف کی طرف سے دی گئی ہدایت کے تحت بینک الفلاح کی انٹر نیٹ بینکنگ یا ایلفا ایپ کے ذریعے کسی بھی مقصد کے لیے رقوم منہا کی جاتی ہیں ۔ ان مقاصد میں شامل ہیں لیکن محدود نہیں ، بل کی ادائیگیاں ، واؤچرز کی خرید یا موبائل ٹاپ اَپ ، صارف کے اکاؤنٹ سے بینک الفلاح لمیٹڈ یا دیگر بینکوں کے منظور شدہ صارفین کے اکاؤنٹس میں رقوم کی منتقلی ۔ بینک اس سہولت کو اپنی واحد اور خاص صوابدید پر صرف مخصوص منظور شدہ صارفین تک محدود رکھ سکتا ہے یا وقتاً فوقتاً تمام صارفین تک عام دستیابی کے لیے اس میں توسیع کر سکتا ہے ۔

”ایس ایم ایس“ سے مراد چھوٹے پیغامات ہیں جو کہ بذریعہ ٹیلی کمیونیکیشنز سسٹم پر ایلفا نیومیرك پیغامات کا اسٹوریج ، راؤٹنگ اور ڈلیوری شامل ہیں۔

”شرائط“ سے مراد انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ سروسز کے استعمال کے لیے یہاں بیان کی گئی شرائط وضوابط ہیں ۔

’تشریح“

☆ علاوہ اس کے کہ عبارت میں کوئی دیگر مطلب ہو، ان شرائط و ضوابط میں :

☆ الفاظ ”ہم“ ، ”ہمیں“ یا ”ہمارے“ سے مراد بینک الفلاح لمیٹڈ ہے ۔

☆ الفاظ ”آپ“ یا ”آپ کے “ سے مراد صارف ہے جس کے نام (ناموں ) سے اکاؤنٹ کھولا گیا ہے ۔

☆ الفاظ ” بشمول “ اور ”شامل ہیں “ سے مراد صرف وہی محدود صورتیں نہیں ہیں ۔ اس کے علاوہ صورتیں بھی ممکن ہیں ۔

☆ واحد سے مراد صرف واحد نہیں ، اس میں جمع بھی شامل ہیں اور اسی طرح جمع کے ساتھ واحد بھی شامل ہیں ۔

☆ سرخی صرف سہولت کے لیے استعمال کی جاتی ہیں ان شرائط و ضوابط کی تشریح کو متاثر نہیں کرتی ہیں ۔

☆ الفاظ ” تحریری طور پر “ سے مراد کوئی بھی بات چیت جو خط، فیکس یا ای میل کے ذریعے کی گئی ہو۔

☆ دستاویز کا حوالہ میں شامل ہیں ، دستاویز جسے وقتاً فوقتاً تبدیل کیا گیا ہو اور کوئی بھی دستاویز جو اس کی متبادل ہو اور

☆ لفظ ”فرد“ سے مراد ایک شخص / انفرادی بزنس / ادارہ وغیرہ ہے ۔

1۔ اسکوپ : یہ شرائط وضوابط بینک کی انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ سے متعلق تعلقات پر لاگو ہیں ۔ بینک حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ کسی بھی وقت ان شرائط و ضوابط کو تبدیل کردے ۔ اس طرح کی تبدیلی سے متعلق تحریری طور پر یا بینک کی ویب سائٹ پر شائع کر کے آپ کو مطلع کیا جاسکتا ہے ۔ یہ شرائط و ضوابط ، کسی بھی اکاؤنٹ ، بینک کی طرف سے جاری کردہ کریڈٹ / ڈیبٹ کارڈ ، بینک کی طرف سے فراہم کردہ پروڈکٹ (پروڈکٹس) اور سروسز کے لیے قابلِ اطلاق شرائط وضوابط کے علاوہ یعنی اضافی ہیں اور ان کے خلاف نہیں ہیں ۔

2۔ اکاؤنٹ کے ساتھ ریلیشن شپ : صارف متفق ہے کہ کوئی ایک یا تمام اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) جو مندرجہ بالا میں اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) کی تعریف میں بیان کیے گئے ہیں اور صارف نے بینک کے ساتھ قائم رکھے ہیں ، ان اکاؤنٹس کو بینک الفلاح انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ سے ٹیگ / منسلک کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں ، صارف بذریعہ متعلقہ اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) کے ذریعے دستیاب سروس حاصل کرے گا ۔

3۔ پاس ورڈز کا تحفظ : آپ متفق ہیں کہ آپ اپنے پاس ورڈ کو رازداری میں رکھنے کے لیے مکمل طور پر ذمہ دار ہیں ۔ آپ متفق ہیں کہ آپ بینک کو فوری طور پر تحریری اطلاع دیں گے ، اگر آپ کا پاس ورڈ گم ، چوری ، کسی غیر مجاز تیسرے فریق پر افشاء ہوجا تا ہے یا کوئی دیگر صورت ، جس میں سمجھوتا کرنا پڑے ۔ آپ متفق ہیں کہ آپ بینک کو فوری اطلاع دیں گے اگر آپ کے علم میں آتا ہے کہ انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ سے متعلق ، سیکیورٹی کی خلاف ورزی ہو ئی ہے ۔ آپ متفق ہیں کہ آپ کے پاس ورڈ کے استعمال کے نتیجے میں ہونے والی کسی بھی اور تمام سرگرمیوں کے لیے آپ خود ذمہ دار ہونگے ، چاہے یہ سرگرمیاں آپ نے خود سر انجام دی ہوں یا نہیں ۔ آپ کو اپنا پاس ورڈ باقاعدگی سے تبدیل کرنا چاہئے اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ پہلے استعمال کیا گیا پاس ورڈ دوبارہ منتخب نہ کریں ۔

4۔ اپنے گوشوارے دیکھنا : اگر آپ کو کسی ایسی ٹرانزیکشن کا پتہ چلتا ہے جو غیر مجاز طور پر آپ کے اہل اکاؤنٹس کے ذریعے کی گئی ہے تو آپ کو111-225-111 پر رابطہ کر کے ہمیں فوری مطلع کرنا چاہئے (یا کسی دیگر نمبر پر جو ہم اس مقصد کے لیے وقتاً فوقتاً فراہم کر سکتے ہیں ) ۔ آپ کے تمام اہل اکاؤنٹس کے لیے ضروری ہے کہ غیر مجاز ٹرانزیکشنز کی خبر رکھنے کے لیے اپنے تمام بینک گوشوارے باقاعدگی سے چیک کریں ۔

5۔ دیگر حفاظتی اقدامات : آپ کسی کو بھی بینک الفلاح انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ (”سروس“) کو آپریٹ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے ۔ اس شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں آپ کو پیش آنے والے کسی بھی نقصان کے لیے بینک ذمہ دار نہیں ہوگا ۔

☆ سروس کے استعمال کے دوران آپ ڈیوائس کو اِدھر اُدھر نہ چھوڑیں، اپنے ساتھ رکھیں ۔ یہ دونوں صورتوں میں لاگو ہوتا ہے ، چاہے ڈیوائس آپ نے خود خریدی ہو یا ہماری کسی برانچ میں سروس تک رسائی کے لیے ہم نے فراہم کی ہو ۔ تاہم، برانچوں میں لوگوں کی آمد و رفت کے تحت خاص طور پر ضروری ہے کہ اگر آپ سروس ہماری برانچ کے اندر استعمال کر رہے ہیں تو آن لائن ہونے کے دوران ڈیوائس کو ہر گز نہ چھوڑیں اور اس بات کا یقین کر لیں آپ نے برانچ سے باہر جانے سے قبل آف لائن کر دیا ہے ۔

☆ آپ کو یہ سروس کسی بھی ایسی ڈیوائس کے ذریعے استعمال نہیں کرنا چاہئے جو لوکل ایریا نیٹ ورک سے منسلک ہو ، جیسے کسی آفس کے ماحول میں جہاں یہ یقین کر لیں کہ آپ کی سروس کی معلومات کوئی اور تو نہیں دیکھ رہا یا آپ کی رسائی کو کاپی تو نہیں کررہا یا آپ کی سروس کو استعمال تو نہیں کر رہا۔

6۔ مواد اور سروسز : بینک حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ کسی بھی وقت انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ پر دستیاب مواد اور سروسز کو تبدیل یا ختم کردے ۔

7۔ ہماری تشہیر :

☆ تشہیر بذریعہ سروس، یعنی بینک الفلاح انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ

☆ بذریعہ سروس ، ہم وقتاً فوقتاً اپنی پروڈکٹس اور سروسز کی تشہیر کر سکتے ہیں

8۔ شیئرڈ فیسیلیٹیز : ان شرائط وضوابط / معاہدے کے تحت فراہم کردہ سروسز کو کسی بھی ایسی ڈیوائس کے ذریعے استعمال نہ کریں جو عوامی مقاموں پر دستیاب ہو یا جو دیگر لوگوں کے بھی استعمال میں ہو۔ اس طرح کی ڈیوائس کے استعمال کی وجہ سے آپ کی معلومات خطرے میں آسکتی ہے یا تحفظ، رازداری کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے ۔ اگر آپ بینک کی انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ پر لاگ آن ہیں تو اپنا سسٹم چھوڑ کر کہیں نہ جائیں ۔ یقین کرلیں کہ آپ نے باہر جانے سے قبل لاگ آف کر دیا ہے ۔

9۔ سسٹم انٹیگریٹی : آپ انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ یا اس سے متعلق ٹرانزیکشن کی ورکنگ میں مداخلت کرنے کے لیے کوئی ڈیوائس سوفٹ ویئر یا روٹین استعمال نہیں کر سکتے ۔

10۔ وائرس سے تحفظ : آپ کو انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ سروس کے استعمال سے قبل اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ کمپیوٹر اور دیگر دیوائسز یا سوفٹ ویئر کسی بھی قسم کے وائرس سے آزاد ہیں ، بشمول لیکن محدود نہیں سوفٹ ویئر بومبز ، ٹروجن ہورسز اور ورمس ( مجموعی طور پر ”وائرسز“ کہلاتے ہیں ) اور ہر جگہ پائے جاتے ہیں ۔ انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ سروسز ذاتی کمپیوٹرز کے ذریعے استعمال کی جاسکتی ہیں یا بذریعہ پبلک انٹرنیٹ کیفے جہاں آپ وائرس کو کنٹرول نہیں کر سکتے ۔ آپ کو لازمی اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ جس کمپیوٹر یا ڈیوائس کے ذریعے آپ انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ تک رسائی حاصل کر رہے ہیں وہ ہر طرح کے وائرس سے آزاد ہو

11. تحفظ: (a) آپ تسلیم کرتے ہیں کہ انٹرنیٹ پر مبنی کمیونیکیشنز مکمل طور پر محفوظ نہیں ہو سکتیں اور باوجود انتہائی کوششوں کے، غیر مجاز رسائی اور ہیکنگ کا خطرہ برقرار رہتا ہے۔ لہٰذا، بینک تیسرے فریق کی طرف سے انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ میں کسی بھی قسم کی غیر مجاز مداخلت یا ڈیٹا کرپشن کی ذمہ داری نہیں لیتا ہے۔ (b) اگر آپ کو اپنے اکاؤنٹس پر کسی بھی ایسی ٹرانزیکشن کا پتہ چلتا ہے جو آپ نے سرانجام نہیں دی ہیں تو تحریری طور پر یا ہمارے کال سینٹر کے نمبر 111-225-111 پر رابطہ کر کے یا اپنے متعلقہ بینک کی برانچ پر اس مشکوک /متنازعہ ٹرانزیکشن کی فوری اطلاع دیں۔ یہ اطلاع 30 دن کے اندر پہنچ جانا چاہئے، لہٰذا بینک ایسی کسی بھی مشکوک /متنازعہ ٹرانزیکشن کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

12. سائٹ مٹیریل: اس انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ میں کچھ بھی ایسا نہیں ہے جس سے کسی سرمایہ کاری کی پیشکش کی ترجمانی ہو یا کسی دیگر ٹرانزیکشن کی ترجمانی ہو۔ بینک انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے مواد کے استعمال بشمول کسی بھی سائبر لنکڈ سائٹس کے ذریعے معلومات یا کمیونیکیشن کا ذمہ دار نہیں ہے۔

13. کاپی رائٹ اور ٹریڈ مارک: انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ سے متعلق تمام مواد بشمول ٹیکسٹ، گرافکس، آئیکونز، امیجز اور سوفٹ ویئر ("مٹیریلز") بینک کی خاص ملکیت ہے اور بینک آپ کو اختیار دیتا ہے کہ آپ انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے اس مٹیریلز کو صرف اپنے خود کے استعمال کے لیے دیکھیں اور ڈاؤن لوڈ کریں۔ یہ مٹیریلز کسی بھی عوامی یا تجارتی مقصد کے لیے کسی بھی طرح سے تبدیل یا تجدید یا ڈسپلے یا استعمال نہیں ہوسکتے ہیں۔ انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ پر موجود ٹریڈ مارکس، سائٹ مارکس اور لوگوز بینک کی ملکیت ہیں۔ انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ میں موجود مواد کو استعمال کرنے کے حق کا مطلب یہ نہیں کہ آپ کو بینک کی تحریری اجازت کے بغیر ٹریڈ مارک، سائٹ مارکس یا لوگوز کو استعمال کرنے کا لائسنس دیا جارہا ہے۔

14. تھرڈ پارٹی سائبر لنکس: انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ پر دستیاب کوئی تھرڈ پارٹی سائبر لنکس اور الحاق کو بینک کسی بھی طرح کی توثیق اور تصدیق نہیں کرتا ہے۔ بینک ان سائٹس میں موجود مواد کے صحیح، مکمل ہونے یا معیار کے لیے کوئی تصدیق یا ذمہ داری نہیں لیتا ہے۔ مزید یہ کہ، بینک ان سائٹس پر دستیاب یا تشہیر ہونے والی پروڈکٹس یا سروسز کے معیار یا ڈلیوری کے لیے ذمہ دار نہیں ہے۔ بینک کسی بھی حالات میں، کسی بھی بلواسطہ، بلا واسطہ، اتفاقی یا خاص نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا چاہے وہ ان تھرڈ پارٹیز سائبر لنک سائٹس میں موجود کسی بھی معلومات کی نمائش یا تقسیم کے باعث کاپی رائٹ یا دیگر شعوری حقوق کو نظر انداز کرنے معاہدے کی خلاف ورزی یا غلطی کی وجہ سے پیش آئے ہوں۔

15. پوشیدگی: بینک الفلاح لمیٹڈ آپ کی معلومات کو اپنے کمپیوٹرز اور انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ پر جیسا مناسب سمجھے قائم رکھتا اور استعمال کرتا ہے چاہے یہ معلومات براہ راست آپ سے حاصل کی گئی ہوں یا کسی تیسرے ذرائع سے۔ بینک الفلاح لمیٹڈ، انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ پر موجود آپ کی معلومات کو رازداری میں رکھنے کی کوشش کرے گا۔ تاہم، یہ معلومات مندرجہ ذیل حالات میں افشاء کی جاسکتی ہے: (a) اگر بینک الفلاح لمیٹڈ کو سائٹ سے متعلق کسی قانونی مقدمے کے لیے پبلک اتھارٹی کے سامنے معلومات کو افشاء کرنا ہو۔ (b) ایسے افراد کو جو بینک الفلاح لمیٹڈ کے ایجنٹس یا ایڈوائزرز کے طور پر کام کررہے ہوں۔ (c) کوئی فرد جس کو بینک الفلاح لمیٹڈ اپنے حقوق اور ذمہ داریاں منتقل کر دے۔ (d) اگر قانون، باضابطہ اتھارٹیز، قانونِ عدالت، قانون نافذ کرنے والی ایجنسیاں یا حکومتی قانون اور مارکیٹ پالیسیز کو درکار ہو۔

16. کوئی ضمانت نہیں: اگر چہ بینک کی طرف سے انتہائی احتیاط برتی جاتی ہے لیکن بینک، انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ پر موجود معلومات کے افشاء ہونے کی کوئی ضمانت نہیں لیتا ہے۔

17. علیحدگی: اگر ان شرائط وضوابط میں سے کوئی بھی غیر قانونی، کالعدم ہونے کی وجہ سے خارج کر دیا جاتا ہے یا کسی بھی وجہ سے اسے نافذ کرنا ممکن نہیں ہو تو وہ شرط علیحدہ تصور کیا جائے گا اور بقیہ شرائط کی تصدیق اور نفاذ پر اس سے کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

18. مکمل معاہدہ: یہاں موجود شرائط و ضوابط بینک اور آپ کے درمیان ایک مکمل معاہدہ ہے اور تحریری ہدایت کے بغیر تبدیل نہیں ہوگا۔

19. حادثات و آفات اور سسٹم کی دستیابی: (a) بینک الفلاح لمیٹڈ ان شرائط و ضوابط کے تحت سروس کی کارکردگی میں ناکام ہونے کا کسی بھی طرح سے ذمہ دار نہیں ہوگا، اگر وہ ناکامی جس بھی وجہ سے ہو، بشمول بجلی، انٹرنیٹ اور کمیونیکیشن کی عدم دستیابی، آگ لگنا، سیلاب، زلزلے، آندھی طوفان، جنگ، سول کوموشن، ناگہانی آفات، ہڑتالیں صنعتی تنازعات یا کوئی بھی غیر متوقع حالات جو کنٹرول سے باہر ہوں۔ (b) بینک الفلاح لمیٹڈ صارفین کے استعمال کے لیے بینک الفلاح لمیٹڈ آن لائن ویو سروس کی دستیابی کے لیے اقدامات لے گا۔ آپ قبول کرتے ہیں کہ سسٹمز پر رُوٹین مینٹیننس یا زائد طلب کی صورت میں جو بینک کے کنٹرول سے باہر ہو تو بینک الفلاح لمیٹڈ کے لیے ہمیشہ ممکن نہ ہوگا کہ وہ اپنے عام آپریٹنگ گھنٹوں کے دوران بینک الفلاح لمیٹڈ آن لائن ویو کو دستیاب کر سکے۔

20. انتباہ: انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ" جیسی ہے" کی بنیاد پر آپ کو فراہم کی گئی ہے۔ کسی بھی قسم کی کوئی ضمانت دستیاب نہیں ہے، بشمول انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے آپریشن میں خاص مقصد کے لیے فٹ نیس کی ضمانت یا انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کی فراہمی میں معلومات کے درست ہونے کی ضمانت۔ بینک اور اس کے ملحق ادارے، انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے استعمال کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی نقصان کے زمہ دار نہیں ہونگے یا بینک کی طرف سے نظر اندازی کی صورت میں بھی کسی بھی نقصان کے ذمہ دار نہیں ہونگے، بشمول لیکن محدود نہیں، بلواسطہ، بلا واسطہ، اتفاقی، عقوبتی اور نتیجتاً ہونے والے نقصانات۔

21. ڈیٹا انٹیگریٹی: آپ تسلیم کرتے ہیں کہ اگر آپ کے اور بینک کے درمیان ریکارڈ کے صحیح ورژن سے متعلق کوئی تنازعہ ہو تو وہی ورژن صحیح مانا جائے گا جو بینک کے ڈیٹا بیس میں ہوگا اور بینک کے کسی آفیسر سے تصدیق شدہ ہوگا۔

22. بری الذمہ قرار دینا: آپ بینک اور اس کے آفیسرز، ڈائریکٹرز، ملازمین، ایجنٹس اور الحاق اور ان کے متعلقہ جانشینوں کو کسی بھی یا تمام زمہ داریوں، دعوؤں، کاؤنٹر کلیمز، مطالبوں سیٹ آف، نقصانات یا کسی دیگر کارروائی سے ہمیشہ بری الذمہ یا خارج رکھیں گے جو پیش آئے ہوں چاہے معلوم یا نا معلوم، آپ کی طرف سے انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے استعمال کی وجہ سے یا آپ کے پاس ورڈ کے باعث بشمول لیکن محدود نہیں، کوئی بھی کلیم جو نظر اندازی پر مکمل یا جزوی بنیاد پر کیا گیا ہو، انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ آپریشنز میں سامنے آیا ہو یا اس سے متعلق دیگر۔

23. عدالتی مسائل: انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ تک رسائی اوراس کا استعمال پاکستان کے قانون کے تحت قابلِ قبول ہے۔ اگر آپ انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کسی دیگر مقام سے کرنا چاہتے ہیں تو یہ آپ کا اپنا اقدام ہوگا اور مقامی قوانین کی تکمیل آپ کی اپنی ذمہ داری ہو گی۔

24.بینک کو کسی بھی ایف ٹی راست / آئی بی ایف ٹی / ایف ٹی یا کسی دوسرے فنڈ ٹرانسفر ٹرانزیکشن ("لین دین") کی آزادانہ طور پر توثیق کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی، اگر آپ کوئی ایسا لین دین کرتے ہیں (جو کسی بھی نوعیت کی ہو) جو کسی بھی غلط پیرامیٹر/ڈیٹا کی وجہ سے غلط ہوسکتی ہے۔ آپ کے ذریعہ درج کیا گیا ہے، بینک کسی بھی صورت میں رقم کی واپسی / منتقلی کی واپسی کا ذمہ دار نہیں ہوگا اور اس سلسلے میں کسی بھی/تمام ذمہ داری سے دستبردار نہیں ہوگا۔

25. کوئی بھی ٹرانزیکشن اس وقت مؤثر ہوگی جب انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ تمام بیان کردہ طریقوں کے مطابق توثیق مکمل کر لی جائے گی۔ بینک آپ کے لاگ ان اور پاس ورڈ کے علاوہ آپ کی کسی بھی ٹرانزیکشن کی تصدیق نہیں کرے گا اور نہ ہی بینک اور نہ ہی اس کے ملحقہ ادارے یا آفیسرز انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے ذریعے ہونے والے کسی بھی غیر مجاز ٹرانزیکشن کے ذمہ دار ہونگے۔ آپ بینک اور اس کے آفیسرز کو کسی بھی کارروائی، مقدمے، نقصان یا ضرر سے محفوظ یا بری الذمہ رکھیں گے۔

26. بینک کی طرف سے فراہم کردہ انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ اور اس کی سروسز، صارف کو حاصل اکاؤنٹ، پروڈکٹس اور سروسز کے مطابق تبدیل ہونگی۔

27. صارف متفق ہے کہ سیکیورٹیز (جیسے انویسٹمنٹ بونڈ، ٹریژری بلز اور دیگر حکومتی سیکیورٹیز مع میوچل فنڈز، انویسٹمنٹ فنڈز) میں کی گئی سرمایہ کاریاں مارکیٹ رسک سے مشروط ہیں۔ یونٹ کی قیمتیں مارکیٹ کے حالات کی بنیاد پر اوپر نیچے ہوسکتی ہیں۔ ماضی کی کارکردگی مستقبل کے نتائج کے لیے ضروری نہیں ہے۔ صارف کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس کے اپنے مفاد میں، کہ آفرنگ دستاویزات کو بغور پڑھے، خاص طور پر سرمایہ کاری کی پالیسیز اور رسک ڈسکلوژر اور آفرنگ دستاویزات میں موجود وارننگ اسٹیٹمنٹس۔ ایسی سرمایہ کاریوں میں بینک کا کردار محدود ہے، بینک صرف سیکیورٹیز کی ادائیگی اور خرید کے لیے ایک سہولت کار ہے اور بینک کسی نفع نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ مزید یہ کہ، صارف متفق ہے اور اقرار کرتا ہے کہ وہ کسی یا تمام واجبات، خطرات، ذمہ داریوں، صارف کی طرف سے لیے گئے سرمایہ کاری کے فیصلوں کے لیے صارف خود ذمہ دار ہوگا۔ صارف بینک کو ہر قسم کے نقصان سے بری الذمہ رکھے گا۔

28. بینک مالیاتی چارجزوصول کرے گا جیسے سالانہ چارجز اور دیغر چارجز بمطابق شیڈول آف چارجز اور ہر ٹرانزیکشن کے چارجز اور جیسا بینک وقتاً فوقتاً عائد کرے۔ یہ چارجز صارف کے اکاؤنٹ سے منہا کر لیے جائیں گے۔ اور صارف ان چارجز کو کاٹنے کے لیے بینک کو اجازت دیتا ہے۔

29. بینک حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ پر قابلِ اطلاق ان شرائط وضوابط کو صارف کو مطلع کر کے یا کیے بغیر تبدیل کرسکتا ہے۔ اور کسی بھی خصوصیت کو تبدیل کر سکتا ہے۔ صارفین کی اپنی ذمہ داری ہے کہ وہ ان شرائط و جوابط کا مطالعہ کرتے رہیں جو وقتاً فوقتاً تبدیل ہوتی رہتی ہین اور ان تبدیلیوں کے بعد انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے استعمال پر یہ تبدیلیاں لاگو ہونگی۔

30. انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے ذریعے فراہم کردہ تمام پروڈکٹس، آئیٹمز اور سروسز، بینک کی ویب سائٹ پر دی گئی پروڈکٹس / آئیٹمز کی دستیابی سے مشروط ہیں۔ کچھ پروڈکٹس / آئیٹمز / سروسز جو بینک نے کسی تھرڈ پارٹی وینڈر / سروس پروائڈرز سے حاصل کیے، اُن کے سائز اور رنگ بینک کی ویب سائٹ پر دی گئی تصاویر سے مختلف ہو سکتے ہیں اور بینک اس سلسلے میں ہر گز ذمہ دار نہیں ہوگا۔

31. گواہی: صارف متفق ہے کہ: (a) ہدایات جوبذریعہ الیکٹرونک شکل میں ہیں تحریری ہیں۔ صارف اس بات پر اعتراض نہیں کرسکتا کہ یہ تحریری دستاویز نہیں ہے۔ (b) ہدایات جو الیکٹرونک شکل میں ہیں اصل ہیں، صارف اس پر کوئی اعتراض نہیں کر سکتا۔ (c) کسی بھی ہدایات کا تبادلہ جو الیکٹرونک شکل مین ہو، اگر اسے تحریری شکل دی جائے تو یہ ایک قابلِ پابند معاہدہ ہوگا جو بینک اور صارف دونوں کے لیے قابلِ پابند ہوگا۔

32. واجبات اور تلافی کی حدیں: صارف متفق ہے اور تصدیق کرتا ہے کہ انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے سلسلے میں کسی بھی بلواسطہ، بلا واسطہ، اتفاقی، خاص یا نتیجتاً ہونے والے نقصان یا معاشی نقصان جس بھی قسم کا ہو، بینک اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ صارف متفق ہے کہ انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے استعمال کے حوالے سے ہونے والے کسی بھی نقصان، کارروائی، مقدمے، کلیم، ہرجانے، قانونی لاگتوں سے بینک کو مبرا رکھے گا اور پوری تلافی کرے گا۔

33. جب صارف انٹر نیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے تحت ٹرانزیکشن / ادائیگی کے لیے کریڈٹ کارڈ استعمال کرتا ہے تو بینک اس کو بذریعہ کریڈٹ کارڈ خرید تصور کرے گا۔

34. کریڈٹ کارڈ سے کسی بھی قسم کی رقم منتقلی جو کسی دیگر اکاؤنٹ میں کی گئی ہو اسے کیش ایڈوانس تصور کیا جائے گا اور اس کے لیے اسٹینڈرڈ کیش ایڈوانس فیس اور انٹرسٹ چارجز وصول کیے جائیں گے۔ (تفصیلات کے لیے کریڈٹ کارڈ کے استعمال کی متعلقہ شرائط و ضوابط ملاحظہ کریں)۔

35. خاص پروڈکٹس اور سروسز جو صارف انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے ذریعے استعمال کرتا ہے جیسے بینک اکاؤنٹ یا سروسز، صارف کا ڈیبٹ کارڈ اور کریڈٹ کارڈ، یہ سب ان کے اپنے شرائط و ضوابط سے مشروط ہیں۔ یہ معاہدہ (جو انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ کے استعمال کو منظم کررہا ہو) ہر پروڈکٹ کے معاہدے کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے۔

36. اگر صارف اپنی انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ سروس معطل کرواتا ہے اور پھر واپس رکنیت کرواتا ہے تو صارف سے بینک کے شیڈول آف چارجز کے مطابق شارجز وصول کیے جائیں گے۔

37. تمام قابلِ اطلاق ٹیکس بمطابق قانون بینک کی طرف سے منہا کیے جائیں گے۔

38. قوانین: یہ معاہدہ پاکستان کے قوانین کے مطابق منظم کیا جاتا ہے اور اس سلسلے میں صرف پاکستان کی عدالتیں دائرۂ اختیار رکھتی ہیں۔

39. منسوخی: بینک حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ بغیر کوئی وجہ بتائے کسی بھی وقت انٹرنیٹ بینکنگ اور ایلفا ایپ تک رسائی کو منسوخ کر دے۔

40۔ مارکیٹنگ کی رضامندی: کسٹمر اس سے اتفاق کرتا ہے اور قبول کرتا ہے کہ بینک بینک کی پروڈکٹس اور خدمات کی مارکیٹنگ کے لیے صارف کے ای میل ایڈریس یا موبائل نمبرز پر ای میلز یا ایس ایم ایس بھیج سکتا ہے، جس میں تازہ ترین پروموشنز، نئی پروڈکٹس ، اور مارکیٹنگ پارٹنرز کے ساتھ بینک کے اتحاد شامل ہیں۔ دوسرے تیسرے فریق .اس سلسلے میں اور اس طرح کی مارکیٹنگ/پروموشنز کو فعال کرنے کے لیے، صارف مزید بغیر کسی اطلاع کے، بینک کو اختیار دیتا ہے کہ وہ صارفین کے نام اور رابطہ نمبرز/ای میل پتے پر مشتمل ذاتی ڈیٹا (تمام ٹرانزیکشنز اور اکاؤنٹ کی تفصیلات کے علاوہ) کے ساتھ شیئر کرے۔ بینک کے مارکیٹنگ پارٹنرز، ایجنٹس اور دوسرے فریق ثالث جو بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً بینک کی پروڈکٹس اور خدمات کو فروغ دینے کے مقاصد کے لیے کام کرتے ہیں۔ بینک اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تمام معقول اقدامات کرے گا کہ مذکورہ ڈیٹا کا کسی تیسرے فریق کے ذریعے غلط استعمال نہ ہو اور ایسے تمام فریقین کے ساتھ رازداری کے مناسب معاہدے کرے گا۔

Bank Alfalah
Islamic
111 777 786
bankalfalah.com